بن علاط السلمی نے عبداللہ بن ریاح مولیٰ خالد بن ولید رضی اللہ عنہ پر دعویٰ کیا۔ حضرت عبدالرحمٰن بن خالد بن ولید کھڑا ہوا اور کہا: میرا غلام ہے' میرے آقا کے بستر پر پیدا ہوا ہے۔ نصر نے کہا: میرا بیٹا اس کی طرح ہے، ان کا جھگڑا لمبا ہو گیا۔ وہ اس کے ساتھ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے پاس آئے۔ جبکہ ملائم پتھر ان کے سر کے نیچے تھا، دونوں نے دعوی کیا۔ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بچہ بستر والے کا ہے اور زانی کے لیے پتھر ہیں۔ حضرت نصر نے کہا، آپ رضی اللہ عنہ کا فیصلہ یاد کے متعلق کیا تھا؟ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے کہا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فیصلہ معاویہ رضی اللہ عنہ کے فیصلہ سے بہتر ہے۔ حضرت عبداللہ بن رباح نے نصر کو کوئی جواب نہیں دیا، اس کا جو اس نے دعویٰ کیا تھا۔

''اے ابوخالد! میرے مال کے برابر وراثت لے لے اور مجھے بطور بھائی اختیار کر اور ھزاھز کے پاس بطور گواہ'

اے ابوخالد! مال مٹی والا ہے' منصب ہے اور سینے ہیں' وہ تجھے اوپر لے جاتا ہے یعنی ترقی دیتا ہے'

اے ابوخالد! ہماری بیٹیوں کو لونڈیاں نہ بنا' بنی مخزوم کیلئے حالانکہ وہ بزرگی والی ہیں'

اے ابوخالد! اگر تُو خالد کے بیٹے سے ڈرتا ہے تو حجاج' خالد سے نہیں ڈرتا ہے'

اے ابوخالد! ہم آگ (دوزخ) نہیں اور وہ باغ

Marfat.com

(جنت) نہیں ہیں' ان میں چشموں کو دیکھا جاتا ہے کہ وہ کھڑے ہیں''۔

حَدِيثُ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ کی حضور ﷺ سے نقل کردہ احادیث

7354 - حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَاطِعٌ

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنت میں صلہ رحمی توڑنے والا داخل نہیں ہوگا۔

7355 - حَدَّثَنَا وَهْبٌ، أَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ أَبِيهِ، وَقَدْ أَدْرَكَ جُبَيْرٌ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ' قَالَ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَاطِعٌ

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنت میں صلہ رحمی توڑنے والا داخل نہیں ہوگا۔

7356 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرَأَ فِي الْمَغْرِبِ بِالطُّورِ

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مغرب میں سورۃ طور پڑھی۔

7357 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنت میں صلہ رحمی توڑنے والا داخل نہیں ہوگا۔

7354- أخرجه الحميدى رقم الحديث: **557** . وأحمد جلد**4**صفحه**80** .

7355- سبق تخريجه برقم: **7354** .

7356- أخرجه مالك (الموطأ) صفحه **71** . وأحمد جلد**4**صفحه**85** .

7357- سبق تخريجه برقم: **7355** .

Marfat.com

وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَاطِعٌ

7358 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، وَإِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، جَمِيعًا قَالَا: حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، سَمِعَ مُحَمَّدَ بْنَ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَنَا مُحَمَّدٌ، وَأَنَا أَحْمَدُ، وَأَنَا الْمَاحِي الَّذِي يُمْحَى بِيَ الْكُفْرُ، وَأَنَا الْحَاشِرُ الَّذِي يُحْشَرُ النَّاسُ عَلَى عَقِبِي، وَأَنَا الْعَاقِبُ الَّذِي لَيْسَ بَعْدَهُ نَبِيٌّ

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں محمد ﷺ واحمد ﷺ ہوں۔ میں ماحی ہوں میری وجہ سے کفر ختم ہو گیا، میں حاشر ہوں ساری دنیا میرے پیچھے ہو گی میں العاقب ہوں وہ ہوتا ہے جس کے بعد کوئی نبی نہیں ہوتا۔

7359 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ بَابَاهُ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، فَذَكَرَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَا بَنِي عَبْدِ مَنَافٍ لَا تَمْنَعُنَّ أَحَدًا طَافَ بِهَذَا الْبَيْتِ وَصَلَّى أَيَّ سَاعَةٍ شَاءَ مِنْ لَيْلٍ أَوْ نَهَارٍ

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے ذکر کیا: اے بنی عبد مناف تم میں سے کوئی بھی اس گھر کا طواف کرنے سے نہ روکے اور نماز پڑھنے سے جس گھڑی چاہے دن رات میں۔

7360 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ صُرَدَ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، قَالَ: تَذَاكَرْنَا الْغُسْلَ مِنَ الْجَنَابَةِ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: أَمَّا أَنَا فَأُفِيضُ عَلَى رَأْسِي ثَلَاثًا

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے پاس جنابت کے غسل کا ذکر کر رہے تھے، آپ ﷺ نے فرمایا: میں تو اپنے سر پر تین مرتبہ پانی ڈالتا ہوں۔

7361 - حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَاصِمٍ الْعَنَزِيِّ، عَنِ ابْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب نماز شروع کرتے تھے۔ آپ ﷺ اللہ اکبر کبیرًا والحمد للہ کثیرًا یہ تین مرتبہ سبحان اللہ بکرةً و اصیلاً تین مرتبہ اور اعوذ باللہ من

7358- اخرجه الحميدى رقم الحديث: **555** . واحمد جلد**4**صفحه**80** قالا: حدثنا سفيان .

7360- اخرجه احمد جلد**4**صفحه**81** قال: حدثنا حجين بن المثنى .

7361- اخرجه احمد جلد**4**صفحه**82** قال: حدثنا عبد الله بن محمد .

Marfat.com

وَسَلَّمَ إِذَا دَخَلَ الصَّلَاةَ، قَالَ: اللّٰهُ أَكْبَرُ كَبِيرًا، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيرًا- ثَلَاثًا- سُبْحَانَ اللّٰهِ بُكْرَةً وَأَصِيلًا- ثَلَاثًا- أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ مِنْ نَفْخِهِ وَهَمْزِهِ وَنَفْثِهِ قَالَ عَمْرٌو: نَفْخُهُ: الْكِبْرُ، وَهَمْزُهُ: الْمُوتَةُ، وَنَفْثُهُ: الشِّعْرُ

الشیطان الرجیم الیٰ آخرہ۔

7362 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، قَالَ: لَمَّا قَسَمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَهْمَ ذِي الْقُرْبَى بَيْنَ بَنِي هَاشِمٍ، وَبَنِي الْمُطَّلِبِ أَتَيْتُهُ أَنَا وَعُثْمَانُ، فَقُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هَؤُلَاءِ بَنُو هَاشِمٍ لَا يُنْكَرُ فَضْلُهُمْ بِمَكَانِكَ الَّذِي وَضَعَكَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ بِهِ مِنْهُمْ، أَرَأَيْتَ بَنِي الْمُطَّلِبِ أَعْطَيْتَهُمْ وَمَنَعْتَنَا، وَإِنَّمَا نَحْنُ وَهُمْ مِنْكَ بِمَنْزِلَةٍ، فَقَالَ: إِنَّهُمْ لَمْ يُفَارِقُونِي فِي جَاهِلِيَّةٍ وَلَا إِسْلَامٍ، وَإِنَّمَا بَنُو هَاشِمٍ وَبَنُو الْمُطَّلِبِ شَيْءٌ وَاحِدٌ وَشَبَّكَ بَيْنَ أَصَابِعِهِ

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب رسول اللہ ﷺ نے رشتے داروں کے درمیان حصہ تقسیم کیا۔ بنی ہاشم بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ کے درمیان تقسیم کیا۔ میں اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ آئے۔ ہم نے عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ یہ سارے بنی ہاشم ہیں۔ ہم ان کی فضیلت کا انکار نہیں کرتے۔ جو اللہ عزوجل نے ان کو دی ہے ان میں سے۔ آپ ﷺ نے بنی ہاشم کو دیا ہے۔ ہم کو نہیں دیا ہم اور وہ آپ سے ایک مقام پر ہیں یعنی ایک جیسا تعلق ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ مجھ سے جاہلیت اور اسلام میں جدا نہیں ہیں اور بنو ہاشم ایک شے ہیں۔ آپ ﷺ نے انگلیوں کو ایک دوسرے کے درمیان داخل کیا۔

7363 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَزْهَرَ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ لِلْقُرَشِيِّ مِثْلَ قُوَّةِ الرِّجْلَيْنِ مِنْ غَيْرِ قُرَيْشٍ فَقِيلَ لِلزُّهْرِيِّ: مَا عَنَى بِهِ؟ قَالَ: نُبْلُ الرَّأْيِ

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ایک قریشی کی قوت دو آدمیوں کے برابر ہے غیر قریش کے مقابلہ میں۔

7362- أخرجه أحمد جلد4صفحه81 قال: حدثنا يزيد بن هارون .

7363- أخرجه أحمد جلد4صفحه83,81 قال: حدثنا يزيد بن هارون' قال: أخبرنا ابن أبي ذئب' عن الزهري .

Marfat.com

7364 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ، أَخْبَرَنَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَسِيرٍ لَهُ، فَقَالَ: يَطْلُعُ عَلَيْكُمْ أَهْلُ الْيَمَنِ كَأَنَّهُمُ السَّحَابُ ، هُمْ خِيَارُ مَنْ فِي الْأَرْضِ فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ: إِلَّا نَحْنُ يَا رَسُولَ اللَّهِ، فَسَكَتَ، ثُمَّ أَعَادَهَا، فَسَكَتَ، ثُمَّ أَعَادَهَا الثَّالِثَةَ: إِلَّا نَحْنُ يَا رَسُولَ اللَّهِ، فَقَالَ كَلِمَةً ضَعِيفَةً: إِلَّا أَنْتُمْ

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ چل رہے تھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تم پر اہل یمن آئیں گے۔ بادلوں کی طرح وہ بہتر ہوں گے ان سے جو زمین میں ہوں گے۔ انصار کے ایک آدمی نے عرض کی: کیا ہم نہیں؟ یا رسول اللہ ﷺ! آپ ﷺ خاموش رہے پھر دوبارہ اس بات کا اعادہ کیا آپ ﷺ خاموش رہے۔ پھر اعادہ کیا، تیسری مرتبہ: کیا ہم نہیں؟ یا رسول اللہ ﷺ! اس نے ضعیف سی بات کی آپ ﷺ نے فرمایا: مگر تم ہو۔

7365 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ، أَخْبَرَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ امْرَأَةً أَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسْأَلُهُ شَيْئًا، فَقَالَ لَهَا: ارْجِعِي إِلَيَّ فَقَالَتْ لَهُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، فَإِنْ رَجَعْتُ فَلَمْ أَرَكَ - تُعَرِّضُ بِالْمَوْتِ- فَقَالَ: إِنْ لَمْ تَجِدِينِي ، فَالْقَيْ أَبَا بَكْرٍ

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک عورت حضور ﷺ کے پاس آئی۔ آپ ﷺ سے کسی شے کا سوال کیا۔ آپ ﷺ نے اس سے فرمایا: میری طرف دوبارہ آنا۔ اس عورت نے عرض کی: یا رسول اللہ! اگر میں دوبارہ واپس آؤں اور آپ ﷺ کو نہ دیکھوں؟ آپ ﷺ کا وصال ہو چکا ہو، آپ ﷺ نے فرمایا: مجھے نہ پائے تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے ملاقات کر لینا۔

7366 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عَمْرٍو أَبُو عَامِرٍ، عَنْ زُهَيْرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عُقَيْلٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَجُلًا أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَيُّ الْبُلْدَانِ شَرٌّ؟ فَقَالَ: لَا أَدْرِي فَلَمَّا جَاءَهُ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور ﷺ کے پاس آیا، عرض کی یا رسول اللہ ﷺ کون سے شہر بدتر ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: میں نہیں جانتا ہوں۔ جب آپ ﷺ کے پاس جبرائیل علیہ السلام تشریف لائے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے جبرائیل کون سے شہر بد تر ہیں۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے عرض کی میں نہیں جانتا

7364- قال في مجمع الزوائد جلد**10** صفحه**55,54**: رواه أحمد جلد**4** صفحه**84,82** وأبو يعلى والبزار بنحوه .

7365- أخرجه أحمد جلد**4** صفحه**82** قال: حدثنا يعقوب .

7366- أخرجه أحمد جلد**4** صفحه**81** قال: حدثنا أبو عامر .

Marfat.com

السَّلَامُ قَالَ: جِبْرِيلُ أَيُّ الْبُلْدَانِ شَرٌّ ، قَالَ: لَا أَدْرِي حَتَّى أَسْأَلَ رَبِّيَ عَزَّ وَجَلَّ، فَانْطَلَقَ جِبْرِيلُ؛ فَمَكَثَ مَا شَاءَ اللَّهُ، ثُمَّ جَاءَ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ إِنَّكَ سَأَلْتَنِي: أَيُّ الْبُلْدَانِ شَرٌّ؟ فَقُلْتُ: لَا أَدْرِي، وَإِنِّي سَأَلْتُ رَبِّيَ عَزَّ وَجَلَّ: أَيُّ الْبُلْدَانِ شَرٌّ؟ فَقَالَ: أَسْوَاقُهَا

ہوں حتیٰ کہ اپنے رب سے پوچھ لوں۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام چلے گئے۔ جتنا اللہ نے چاہا ٹھہرے۔ پھر آئے اور عرض کی: اے محمد! آپ ﷺ نے مجھ سے پوچھا تھا کہ کون سے شہر بدتر ہیں؟ میں نے عرض کی: میں نہیں جانتا ہوں' میں نے اللہ عزوجل سے پوچھا کون سے شہر بدتر ہیں۔ اللہ نے فرمایا: بازار۔

7367 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَخِي الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَمِّهِ، قَالَ: أَخْبَرَنِي عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، أَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ جُبَيْرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِي جُبَيْرُ بْنُ مُطْعِمٍ، أَنَّهُ بَيْنَا هُوَ يَسِيرُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَعَهُ النَّاسُ مَقْفَلَهُ مِنْ حُنَيْنٍ عَلِقَتِ الْأَعْرَابُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَسْأَلُونَهُ حَتَّى اضْطَرُّوهُ إِلَى سَمُرَةٍ ، فَخُطِفَتْ رِدَاؤُهُ، فَوَقَفَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قَالَ: أَعْطُونِي رِدَائِي، فَلَوْ كَانَ عَدَدُ هَذِهِ الْعِضَاهِ نَعَمًا قَسَمْتُهُ بَيْنَكُمْ، ثُمَّ لَا تَجِدُونِي بَخِيلًا وَلَا كَذَّابًا، وَلَا جَبَانًا

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ چل رہے تھے آپ ﷺ کے ساتھ صحابہ کرام) تھے۔ حنین سے واپس آرہے تھے۔ دیہاتی لوگوں نے رسول اللہ ﷺ کو روک لیا۔ آپ ﷺ مانگنے لگے۔ یہاں تک کہ آپ ﷺ کو کانٹوں والے درختوں کے پاس لے گئے مجبور کر کے آپ ﷺ کی چادر اُلجھ گئی۔ رسول اللہ ﷺ ٹھہرے۔ پھر فرمایا: مجھے چادر دے دو اگر میرے پاس اس کانٹے کے برابر کوئی نعمت ہوتی میں تمہارا درمیان تقسیم کرتا، پھر مجھے نہ پاتے، بخیل جھوٹا اور کنجوس۔

7368 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ سَالِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَجُلًا، سَمِعَ جُبَيْرًا، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ ، إِنَّ أُنَاسًا يَقُولُونَ لَيْسَ لَنَا أُجُورٌ بِمَكَّةَ، قَالَ: لَتَأْتِيَنَّكُمْ أُجُورُكُمْ وَلَوْ كُنْتُمْ فِي جُحْرِ

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! کچھ لوگ کہتے ہیں ہمارے لیے مکہ میں اجر نہیں ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تمہارے پاس اجر آئے گا۔ اگرچہ تم لومڑی کی سوراخ میں ہو۔

7367- أخرجه أحمد جلد4صفحه82 قال: حدثنا يعقوب' قال: حدثنا أبي' عن صالح .

7368- أخرجه أحمد جلد4صفحه82 قال: حدثنا عفان .

Marfat.com

ثَعْلَبٍ

7369 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ يُوسُفَ، حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا حِلْفَ فِي الْإِسْلَامِ، وَأَيُّمَا حِلْفٍ كَانَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ فَإِنَّ الْإِسْلَامَ لَمْ يَزِدْهُ إِلَّا شِدَّةً

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اسلام میں قسم نہیں ہے۔ جو قسم اٹھائی تھی اسلام بے شک اسلام صرف اس کی شدت میں اضافہ کرتا ہے۔

7370 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: سَمِعْتُ بَعْضَ إِخْوَتِي يُحَدِّثُ، عَنْ أَبِي، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، أَنَّهُ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي فِدَاءِ الْمُشْرِكِينَ، وَمَا أَسْلَمَ يَوْمَئِذٍ، قَالَ: فَانْتَهَيْتُ إِلَيْهِ وَهُوَ يُصَلِّي الْمَغْرِبَ وَهُوَ يَقْرَأُ فِيهَا بِالطُّورِ كَأَنَّمَا صُدِعَ قَلْبِي حِينَ سَمِعْتُ الْقُرْآنَ

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اُن کو حضور ﷺ کے پاس لایا گیا۔ مشرکوں کے فدیہ میں مَیں اس وقت مسلمان نہیں تھا۔ آپ کے پاس گیا۔ آپ ﷺ مغرب کی نماز پڑھ رہے تھے۔ آپ ﷺ نے اس میں سورۃ طور پڑھی۔ ایسے محسوس ہوا کہ گویا کہ میرے دل میں خاص قسم کا اثر کیا جس وقت میں نے قرآن سنا۔

7371 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَنْزِلُ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ إِلَى السَّمَاءِ الدُّنْيَا كُلَّ لَيْلَةٍ، فَيَقُولُ: هَلْ مِنْ دَاعٍ فَأَسْتَجِيبَ لَهُ، هَلْ مِنْ مُسْتَغْفِرٍ فَأَغْفِرَ لَهُ

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل کی رحمت آسمان دنیا میں آتی ہے ہر رات یہ پکار رہی ہوتی ہے: ہے کوئی دعا مانگنے والا اس کی دعا قبول ہو کوئی بخشش طلب کرنے والا میں اس کو معاف کر دوں۔

7372 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، مِثْلَهُ

سابقہ کی مثل حدیث مروی ہے۔

7369- أخرجه أحمد جلد4صفحه83 قال: حدثنا عبد الله بن محمد .

7370- أخرجه أحمد جلد4صفحه83 قال: حدثنا عفان' ومحمد بن جعفر .

7371- أخرجه أحمد جلد4صفحه81 قال: حدثنا أسود بن عامر .

7372- سبق تخريجه برقم: **7371** .

Marfat.com

7373 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، قَالَ: وَأَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ فِي سَفَرٍ، فَقَالَ: مَنْ يَكْلَؤُنَا اللَّيْلَةَ لَا يَرْقُدُ عَنْ صَلَاةِ الْفَجْرِ؟ فَقَالَ بِلَالٌ: أَنَا، فَاسْتَقْبَلَ مَطْلِعَ الشَّمْسِ، فَضُرِبَ عَلَى آذَانِهِمْ، فَمَا أَيْقَظَهُمْ إِلَّا حَرُّ الشَّمْسِ، فَقَامُوا، فَبَادَرُوا فَتَوَضَّئُوا، وَأَذَّنَ بِلَالٌ، وَصَلُّوا الرَّكْعَتَيْنِ، ثُمَّ صَلُّوا الْفَجْرَ

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ایک سفر میں تھے، آپ ﷺ نے فرمایا: جو ہماری رات حفاظت کرے گا تا کہ ہم فجر کی نماز سے نہ سوتے رہیں؟ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ میں کرتا ہوں (وہ بھی سو گئے) سورج طلوع ہونے کے قریب ہوا ان کے کانوں پر شیطان نے گرہ لگا دی۔ ان کو سورج کی روشنی نے جگا دیا۔ وہ کھڑے ہوئے سب نے جلدی جلدی وضو کیا۔ حضرت بلال نے اذان دی، دو رکعتیں سنت ادا کی پھر فجر کی نماز پڑھی۔

7374 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا حُصَيْنٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَلَاةٌ فِي مَسْجِدِي هَذَا تَزِيدُ عَلَى سِوَاهُ مِنَ الْمَسَاجِدِ أَلْفَ صَلَاةٍ، لَيْسَ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میری اس مسجد میں نماز پڑھنا دوسری مساجد سے علاوہ ہزار نماز کے برابر ثواب ہے سوائے مسجد حرام کے۔

7375 - حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ الشَّاذَكُونِيُّ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، حَدَّثَنَا حُصَيْنٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ طَلْحَةَ بْنِ يَزِيدَ بْنِ رُكَانَةَ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَلَاةٌ فِي مَسْجِدِي هَذَا أَفْضَلُ مِنْ أَلْفِ صَلَاةٍ فِيمَا سِوَاهُ، إِلَّا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میری اس مسجد میں نماز پڑھنا دوسری مساجد سے علاوہ ہزار نماز کے برابر ثواب ہے سوائے مسجد حرام کے۔

7376 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے

7373- أخرجه أحمد جلد**4**صفحه**81** قال: حدثنا عبد الصمد' وعفان . والنسائي جلد**1**صفحه**298** .

7374- قال في مجمع الزوائد جلد**4**صفحه**5**: رواه أحمد وأبو يعلى والبزار والطبراني في الكبير .

7375- أخرجه أحمد جلد**4**صفحه**80** قال: حدثنا هشيم .

Marfat.com

بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنِ ابْنِ إِسْحَاقَ، قَالَ: فَذَكَرَ مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ أَبِيهِ جُبَيْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ وَهُوَ يَخْطُبُ النَّاسَ بِالْخَيْفِ: نَضَّرَ اللَّهُ عَبْدًا سَمِعَ مَقَالَتِي فَوَعَاهَا، ثُمَّ أَدَّاهَا إِلَى مَنْ لَمْ يَسْمَعْهَا، فَرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ لَا فِقْهَ لَهُ، وَرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ إِلَى مَنْ أَفْقَهُ مِنْهُ، ثَلَاثٌ لَا يُغِلُّ عَلَيْهِنَّ قَلْبُ مُؤْمِنٍ: إِخْلَاصُ الْعَمَلِ لِلَّهِ، وَطَاعَةُ ذَوِي الْأَمْرِ، وَلُزُومُ الْجَمَاعَةِ، فَإِنَّ دَعْوَتَهُمْ تَكُونُ مِنْ وَرَائِهِمْ

حضور ﷺ سے سنا آپ ﷺ لوگوں کو مسجد خفیف میں خطبہ دے رہے تھے، فرمایا: اللہ خوش رکھے اس بندے کو جو میری حدیث سنے اور اس کو یاد رکھے پھر اس کو پہنچا دے جس نے نہ سنی ہو۔ بسا اوقات سننے والا سننے والے سے زیادہ سمجھدار نہیں ہوتا جس کو سمجھایا جا رہا ہے وہ زیادہ سمجھدار ہوتا ہے۔ تین چیزیں ایسی ہیں جن میں مومن کا دل خیانت نہیں کرتا ہے۔ اخلاص اللہ کے عمل، اطاعت امیر، جماعت کو لازم پکڑنا۔ اس کی دعوت کے پیچھے سے ہوگئی۔

7377 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنِ ابْنِ إِسْحَاقَ، قَالَ: أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ أَبِي عَمْرٍو، مَوْلَى الْمُطَّلِبِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْحُوَيْرِثِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، مِثْلَ حَدِيثِ ابْنِ شِهَابٍ، لَمْ يَزِدْ وَلَمْ يَنْقُصْ

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ سے ابن شہاب کی حدیث کی مانند روایت منقول ہے۔

7378 - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَعْرُوفٍ، وَإِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، قَالَا: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ بَابَاهْ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: يَا بَنِي عَبْدِ مَنَافٍ لَا تَمْنَعُوا أَحَدًا طَافَ بِهَذَا الْبَيْتِ أَوْ صَلَّى أَيَّ سَاعَةٍ مِنْ لَيْلٍ أَوْ نَهَارٍ

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اے عبد بنی مناف تم میں کوئی کسی کو اس گھر کا طواف اور اس گھر میں نماز پڑھنے سے نہ روکے، رات اور دن کے کسی وقت بھی۔

7379 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

7378- اخرجه الحميدى رقم الحديث: **561** . واحمد جلد**4**صفحه**80** قالا: حدثنا سفيان .

7379- اخرجه الحميدى رقم الحديث: **558** واحمد جلد**4**صفحه**80** قالا: حدثنا سفيان .

Marfat.com

الـزُّهْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَوْ كَانَ الْمُطْعِمُ حَيًّا - قَالَ: وَكَانَ لَهُ عِنْدَهُ يَدٌ- فَكَلَّمَنِي فِي هَؤُلَاءِ النَّتْنَى لَأَطْلَقْتُهُمْ- أُسَارَى بَدْرٍ -

حضور ﷺ نے فرمایا: اگر مطعم زندہ ہوتے۔ کوئی قیدی ہوتا مجھ سے گفتگو کرتے ان چیزوں کے متعلق میں ان تمام کو چھوڑ دیتا۔

7380 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ سُلَيْمَانَ بْنَ صُرَدَ، قَالَ: سَمِعْتُ جُبَيْرَ بْنَ مُطْعِمٍ، قَالَ: ذُكِرَ الْغُسْلُ مِنَ الْجَنَابَةِ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَمَّا أَنَا ' فَأَصُبُّ عَلَى رَأْسِي ثَلَاثًا

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں غسلِ جنابت کا ذکر کیا گیا تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جہاں تک میرا تعلق ہے تو میں اپنے سر پر تین بار پانی انڈیلتا ہوں۔

7381 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا النَّضْرُ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: أَخْبَرَنِي بَعْضُ، إِخْوَتِي، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، أَنَّهُ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي فِدَاءِ مِنْ فِدَاءِ الْمُشْرِكِينَ، قَالَ: فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُصَلِّي الْمَغْرِبَ، فَقَرَأَ فِيهَا بِالطُّورِ فَكَأَنَّمَا صُدِعَ قَلْبِي حِينَ سَمِعْتُ الْقُرْآنَ

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اُن کو حضور ﷺ کے پاس لایا گیا۔ مشرکوں کے فدیہ میں مَیں اس وقت مسلمان نہیں تھا۔ آپ کے پاس گیا۔ آپ ﷺ مغرب کی نماز پڑھ رہے تھے۔ آپ ﷺ نے اس میں سورۃ طور پڑھی۔ ایسے محسوس ہوا کہ گویا کہ میرے دل میں خاص قسم کا اثر دکھایا جس وقت قرآن سنا۔

7382 - حَدَّثَنَا أَبُو هِشَامٍ مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ الْحَكَمِ الْقُدَيْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ خَالِدٍ الْخُزَاعِيِّ، أَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، سَمِعَ جُبَيْرَ بْنَ مُطْعِمٍ، وَهُوَ يَقُولُ: قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَتُحِبُّ

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضور ﷺ نے فرمایا: اے جبیر رضی اللہ عنہ کیا تو پسند کرتا ہے جب سفر کے لیے نکلے تو ان صحابہ) کی طرح حالت اور زادِ راہ میں زیادہ ہو جائے۔ میں نے عرض کی، جی ہاں یا رسول اللہ ﷺ، میرے ماں باپ آپ ﷺ پر فدا

7380- سبق تخريجه برقم: **7360** .

7381- سبق تخريجه برقم: **7370** .

7382- قال في مجمع الزوائد جلد**10**صفحه**143,133**: رواه أبو يعلى .

Marfat.com

يَا جُبَيْرُ إِذَا خَرَجْتَ سَفَرًا أَنْ تَكُونَ مِنْ أَمْثَلِ أَصْحَابِكَ هَيْئَةً ، وَأَكْثَرِهِمْ زَادًا؟ فَقُلْتُ: نَعَمْ، بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي، قَالَ: فَاقْرَأْ هَذِهِ السُّوَرَ الْخَمْسَ، قُلْ يَأَيُّهَا الْكَافِرُونَ، وَإِذَا جَاءَ نَصْرُ اللَّهِ وَالْفَتْحُ، وَقُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ، وَقُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ، وَقُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ النَّاسِ، وَافْتَحْ كُلَّ سُورَةٍ بِبِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ، وَاخْتِمْ قِرَاءَتَكَ بِبِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ قَالَ جُبَيْرٌ: وَكُنْتُ غَنِيًّا كَثِيرَ الْمَالِ، فَكُنْتُ أَخْرُجُ مَعَ مَنْ شَاءَ اللَّهُ أَنْ أَخْرُجَ مَعَهُمْ فِي سَفَرٍ، فَأَكُونَ أَبَذَّهُمْ هَيْئَةً ، وَأَقَلَّهُمْ زَادًا، فَمَا زِلْتُ مُنْذُ عَلَّمَنِيهِنَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَرَأْتُ بِهِنَّ ، أَكُونُ مِنْ أَحْسَنِهِمْ هَيْئَةً ، وَأَكْثَرِهِمْ زَادًا حَتَّى أَرْجِعَ مِنْ سَفَرِي ذَلِكَ

ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تو ان پانچ سورتوں کو پڑھ لیا کر: قل یا ایھا الکفرون، اذا جاء نصر اللّٰہ والفتح، قل ھو اللّٰہ احد، قل اعوذ برب الفلق، قل اعوذ برب الناس۔ ہر سورۃ کو بسم اللہ سے شروع کر۔ اور اپنی قرأت کو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پر ختم کر۔ حضرت جبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں مال دار تھا۔ میں نکلتا تھا ان کے ساتھ جیسے اللہ چاہتا میں سفر میں نکلتا ان کی بنسبت حالت اور زاد راہ میں کم ہوتا تھا۔ میں مسلسل یہ پڑھتا رہا جو مجھے حضور ﷺ نے سکھایا تھا۔ میں ان سے اچھی حالت اور زیادہ زاد راہ والا ہو گیا۔ یہاں تک کہ میں سفر سے واپس آ گیا۔

حَدِيثُ أَبِي بَرْزَةَ الْأَسْلَمِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

وہ احادیث جو حضرت ابو برزہ الاسلمی رضی اللہ عنہ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں

7383 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى أَبُو مُحَمَّدٍ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا سَعِيدٌ يَعْنِي الْجُرَيْرِيَّ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَوَلَةَ الْقُشَيْرِيِّ، قَالَ: كُنْتُ بِالْأَهْوَازِ إِذْ مَرَّ بِي شَيْخٌ ضَخْمٌ عَلَى بَغْلَةٍ وَهُوَ يَقُولُ: اللَّهُمَّ ذَهَبَ

حضرت عبداللہ بن مولۃ القشیری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اھواز میں تھا۔ اچانک میرے پاس سے ایک بزرگ گزرے جو موٹے تھے، خچر پر سوار تھے، وہ کہہ رہے تھے: اے اللہ اس امت کا زمانہ چلا گیا ہے، مجھے ان کے ساتھ ملا۔ میں نے اپنی سواری اس کے ساتھ ملا

7383- قال فی مجمع الزوائد جلد**10** صفحہ**19,18**: رواہ أحمد وأبو یعلی باختصار .

Marfat.com

قَرْنِي مِنْ هَذِهِ الْأُمَّةِ ، فَأَلْحِقْنِي بِهِمْ، فَأَلْحَقْتُهُ دَابَّتِي، فَقُلْتُ: وَأَنَا يَرْحَمُكَ اللّٰهُ ، قَالَ: وَصَاحِبِي هَذَا إِنْ أَرَادَ ذَلِكَ، قَالَ: ثُمَّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَيْرُ أُمَّتِي قَرْنِي، ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ فَلا أَدْرِي أَذَكَرَ الثَّالِثَ، أَمْ لَا - ثُمَّ يَخْلُفُ قَوْمٌ يَظْهَرُ فِيهِمُ السِّمَنُ وَيُهْرِيقُونَ الشَّهَادَةَ، وَلَا يَسْأَلُونَهَا، فَإِذَا هُوَ أَبُو بَرْزَةَ الْأَسْلَمِيُّ

ئی، میں نے کہا میں ہوں اللہ آپ پر رحم کرے۔ یہ دونوں میرے ساتھی ہیں' اگر تو نے اس کا ارادہ کیا ہے پھر فرمایا کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میرے زمانہ میں میری امت بہترین ہے، پھر جو ان کے ساتھ ملے۔ میں نہیں جانتا ہوں کہ تیرے زمانہ کا ذکر آپ ﷺ نے کیا ہے یا نہیں۔ پھر ان کے بعد قوم آئے گی، ان میں موٹاپا ظاہر ہوگا، وہ گواہی دیں گے، وہ پوچھیں گے بھی نہیں کہ کس لیے گواہی دے رہے ہیں وہ حضرت ابو برزہ رضی اللہ عنہ اسلمی تھے۔

7384 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي حَمْزَةَ، جَارِهِمْ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُطَرِّفٍ، عَنْ أَبِي بَرْزَةَ، قَالَ: كَانَ أَبْغَضَ الْأَحْيَاءِ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَنُو أُمَيَّةَ وَثَقِيفٌ وَبَنُو حَنِيفَةَ

حضرت ابو برزہ الاسلمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ سب سے زیادہ ناپسند قبیلے بنو امیہ وثقیف و بنو حنیفہ تھے۔

7385 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ عَوْفٍ، عَنْ سَيَّارِ بْنِ سَلَامَةَ، عَنْ أَبِي بَرْزَةَ الْأَسْلَمِيِّ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكْرَهُ النَّوْمَ قَبْلَ الْعِشَاءِ، وَالْحَدِيثَ بَعْدَهَا ، قَالَ: وَكَانَ يَقْرَأُ فِي صَلَاةِ الصُّبْحِ مِنْ سِتِّينَ إِلَى الْمِائَةِ، وَكَانَ يَعْرِفُ كُلُّ وَاحِدٍ مِنَّا مَنْ يَلِيهِ

حضرت ابو برزہ الاسلمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ عشاء سے پہلے سونے کو ناپسند کرتے تھے، اور عشاء کے بعد گفتگو کو ناپسند کرتے تھے۔ آپ ﷺ فجر کی نماز میں ۶۰ سے ۱۰۰ آیتیں پڑھتے تھے۔ ہم میں سے ہر ایک پہچان لیتا تھا جو آپ ﷺ کے قریب کھڑا ہوتا تھا۔

7386 - حَدَّثَنَا مَسْرُوقُ بْنُ الْمَرْزُبَانِ

حضرت ابو برزہ الاسلمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

7384- أخرجه أحمد جلد4صفحه420 قال: حدثنا حجاج .

7386- أخرجه أحمد جلد4صفحه420 . وأبو داؤد رقم الحديث: 4880 قال: حدثنا عثمان بن أبي شيبة .

Marfat.com

الْكُوفِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ أَبِي بَرْزَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا مَعْشَرَ مَنْ آمَنَ بِلِسَانِهِ وَلَمْ يَدْخُلِ الْإِيمَانُ قَلْبَهُ، لَا تَغْتَابُوا الْمُسْلِمِينَ، وَلَا تَتَّبِعُوا عَوْرَاتِهِمْ، فَإِنَّهُ مَنْ تَتَبَّعَ عَوْرَاتِ الْمُسْلِمِينَ تَتَبَّعَ اللّٰهُ عَوْرَتَهُ حَتَّى يَفْضَحَهُ فِي بَيْتِهِ

حضور ﷺ نے فرمایا: اے گروہ جو اپنی زبان کے ساتھ ایمان لایا۔ اس کے دل میں ایمان داخل نہیں ہوا۔ مسلمانوں کی غیبت نہ کرو۔ ان کے عیب تلاش نہ کرو۔ جو مسلمانوں کے عیب تلاش کرتا ہے۔ اللہ عزوجل اس کے عیب تلاش کرتا ہے، یہاں تک کہ اس کو اس کے گھر میں ذلیل کرے گا۔

7387 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا أَسْوَدُ بْنُ عَامِرٍ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ أَبِي بَرْزَةَ الْأَسْلَمِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَرَ مِثْلَهُ .

حضرت ابو برزہ اسلمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا' پس اس کی مثل حدیث ذکر کی۔

7388 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ ابْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ عَوْفٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو الْمِنْهَالِ، قَالَ: انْطَلَقَ أَبِي ' وَانْطَلَقْتُ مَعَهُ ' فَدَخَلْنَا عَلَى أَبِي بَرْزَةَ الْأَسْلَمِيِّ، فَقَالَ لَهُ أَبِي: حَدِّثْنَا كَيْفَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي الْمَكْتُوبَةَ، قَالَ: كَانَ يُصَلِّي الْهَجِيرَ الَّتِي تَدْعُونَهَا الْأُولَى حِينَ تَدْحَضُ الشَّمْسُ، وَيُصَلِّي الْعَصْرَ حِينَ يَرْجِعُ أَحَدُنَا إِلَى رَحْلِهِ فِي أَقْصَى الْمَدِينَةِ وَالشَّمْسُ حَيَّةٌ، قَالَ: وَنَسِيتُ مَا قَالَ فِي الْمَغْرِبِ، قَالَ: وَكَانَ يَسْتَحِبُّ أَنْ يُؤَخِّرَ الْعِشَاءَ الَّتِي تَدْعُونَهَا

حضرت عوف فرماتے ہیں کہ مجھے ابومنہال نے حدیث سنائی' فرمایا: میرے والد گرامی چلے اور میں ان کے ساتھ چلا' ہم ابوبرزہ اسلمی کے پاس داخل ہوئے' میرے والد گرامی نے ان سے عرض کی: ہمیں حدیث سنایئے! رسول کریم ﷺ فرض نماز کیسے پڑھتے تھے؟ فرمایا: آپ ﷺ ظہر کی نماز پڑھتے تھے جس کو پہلی کہا جاتا ہے جب سورج ڈھل جاتا اور عصر پڑھتے تھے جب ہم میں سے کوئی ایک مدینہ کے مضافات سے اپنی سواری کی طرف لوٹ کر آئے درانحالیکہ سورج قریب ہوتا۔ راوی کا بیان ہے: اور میں بھول گیا مغرب کے

7387- سبق فی الحدیث السابق له .

7388- أخرجه أحمد جلد4صفحه410 قال: حدثنا يزيد بن هارون .

Marfat.com

الْعَتَمَةَ، وَكَانَ يَكْرَهُ النَّوْمَ قَبْلَهَا، وَالْحَدِيثَ بَعْدَهَا، وَكَانَ يَنْفَتِلُ مِنْ صَلَاةِ الْغَدَاةِ حِينَ يَعْرِفُ الرَّجُلُ جَلِيسَهُ، وَكَانَ يَقْرَأُ بِالسِّتِّينَ إِلَى الْمِائَةِ

بارے انہوں نے کیا کہا۔ اور فرمایا: اور مستحب ہے عشاء کی نماز کو مؤخر کرنا جس کو عتمہ کے نام سے پکارتے ہیں۔ اس سے پہلے سونے کو ناپسند فرماتے اور اس کے بعد باتیں کرنے کو اور صبح کی نماز سے اس وقت فارغ ہوتے جب آدمی ساتھ بیٹھنے والے کو پہچان لے اور اس میں ساٹھ سے سو تک آیتیں پڑھتے تھے۔

7389 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ حَجَّاجِ بْنِ دِينَارٍ، عَنْ أَبِي هَاشِمٍ، عَنْ أَبِي الْعَالِيَةِ، عَنْ أَبِي بَرْزَةَ الْأَسْلَمِيِّ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِذَا أَرَادَ أَنْ يَقُومَ مِنَ الْمَجْلِسِ: سُبْحَانَكَ اللَّهُمَّ وَبِحَمْدِكَ ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ ، أَسْتَغْفِرُكَ وَأَتُوبُ إِلَيْكَ

حضرت ابو برزہ اسلمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ فرمایا کرتے تھے جب مجلس سے اُٹھنے کا ارادہ فرماتے: تُو پاک ہے اے اللہ! تیری حمد ہے، میں گواہی دیتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں، میں تجھ سے بخشش مانگتا ہوں اور تیری طرف توبہ کرتا ہوں۔

7390 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ أَبَانَ بْنِ صَمْعَةَ، عَنْ أَبِي الْوَازِعِ، عَنْ أَبِي بَرْزَةَ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ ، دُلَّنِي عَلَى عَمَلٍ أَنْتَفِعُ بِهِ، قَالَ: نَحِّ الْأَذَى عَنْ طَرِيقِ الْمُسْلِمِينَ

حضرت ابو برزہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! مجھے وہ عمل بتایئے کہ میں جس سے نفع حاصل کروں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: مسلمانوں کے راستے سے تکلیف کو دُور کر۔

7391 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، عَنِ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ أَبِي بَرْزَةَ، أَنَّ جَارِيَةً، بَيْنَا هِيَ عَلَى بَعِيرٍ ، أَوْ رَاحِلَةٍ عَلَيْهَا مَتَاعُ الْقَوْمِ بَيْنَ جَبَلَيْنِ، فَتَضَايَقَ بِهِ الْجَبَلُ، فَأَتَى عَلَيْهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا

حضرت ابو برزہ الاسلمی رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ ایک لونڈی تھی اسی دوران کہ وہ اونٹ پر تھی یا سواری پر، اسی پر لوگوں کا سامان بھی تھا، دو پہاڑوں کے درمیان تھی، سو پہاڑ باہم تنگ تھا، رسول کریم ﷺ اس کے پاس آئے، پس جب اس نے آپ ﷺ کو دیکھا تو کہنا

7389- أخرجه أحمد جلد4صفحه425 قال: حدثنا يعلى . والدارمي رقم الحديث: **2661** .

7390- أخرجه أحمد جلد4صفحه420 قال: حدثنا يحيى بن سعيد، ووكيع .

7391- أخرجه أحمد جلد4صفحه419 قال: حدثنا محمد بن أبي عدي .

Marfat.com

أَبْصَرَتْهُ جَعَلَتْ تَقُولُ: حَلْ، اللَّهُمَّ الْعَنْهُ، اللَّهُمَّ الْعَنْهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَاحِبُ الْجَارِيَةِ؟ لَا تَصْحَبْنَا رَاحِلَةٌ أَوْ بَعِيرٌ عَلَيْهَا لَعْنَةٌ مِنَ اللَّهِ - أَوْ كَمَا قَالَ-

شروع کر دیا: ارے ست! اے اللہ! اس پر لعنت بھیج (دوبار)۔ پس رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اس لونڈی کا مالک کون ہے؟ ہم اپنے ساتھ ایسی سواری یا اونٹ نہیں رکھیں گے جس پر اللہ کی لعنت ہو۔

7392 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، عَنِ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِي الْمِنْهَالِ، عَنْ أَبِي بَرْزَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقْرَأُ فِي صَلَاةِ الْغَدَاةِ مِنَ السِّتِّينَ إِلَى الْمِائَةِ

حضرت ابو برزہ اسلمی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ صبح کی نماز میں ساٹھ سے سو تک آیات تلاوت فرماتے تھے۔

7393 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: حَدَّثَتْنِي أُمُّ الْأَسْوَدِ، عَنْ مُنْيَةَ، عَنْ حَدِيثِ أَبِي بَرْزَةَ، قَالَ: كَانَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تِسْعُ نِسْوَةٍ، فَقَالَ يَوْمًا: خَيْرُكُنَّ أَطْوَلُكُنَّ يَدًا فَقَامَتْ كُلُّ وَاحِدٍ تَضَعُ يَدَهَا عَلَى الْجِدَارِ، قَالَ: لَسْتُ أَعْنِي هَذَا، وَلَكِنْ أَصْنَعُكُنَّ يَدَيْنِ

حضرت ابو برزہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ کی نو ازواجِ مطہرات تھیں، پس آپ نے ایک دن فرمایا: تم میں سے بہتر وہ ہے جو لمبے ہاتھ والی (سخی) ہے۔ پس ہر ایک کھڑی ہو گئی، اپنا ہاتھ دیوار پر رکھنے لگی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: میری مراد یہ نہیں ہے، بلکہ وہ جو تم میں سے زیادہ دونوں ہاتھوں سے سخاوت کرتی ہے۔

7394 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا هَوْذَةُ بْنُ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِي عَوْفٌ، عَنْ مُسَاوِرِ بْنِ عُبَيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو بَرْزَةَ، قَالَ: رَجَمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا مِنَّا يُقَالُ لَهُ مَاعِزُ بْنُ مَالِكٍ

حضرت ابو برزہ الاسلمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ہم میں سے ایک آدمی کو رجم کیا، اس کو ساغر بن مالک کہا جاتا ہے۔

7395 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا مَهْدِيُّ بْنُ مَيْمُونٍ، حَدَّثَنَا أَبُو الْوَازِعِ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا بَرْزَةَ يُحَدِّثُ، قَالَ: بَعَثَ

حضرت ابو برزہ الاسلمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ایک آدمی کو بھیجا عرب کے قبیلہ کی طرف کسی شے میں نہیں جانتا ہوں۔ وہ کیا تھا۔ انہوں نے اس کو

7392- سبق تخريجه راجع رقم: **7388,7385** .

7393- قال فى مجمع الزوائد جلد**9**صفحه**248**: رواه أبو يعلى واسناده حسن .

7394- أخرجه أحمد جلد**4**صفحه**423** قال: حدثنا محمد بن جعفر .

7395- اخرجه أحمد جلد**4**صفحه**420** قال: حدثنا عبد الصمد بن عبد الوارث .

Marfat.com

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى أَحْيَاءٍ مِنْ أَحْيَاءِ الْعَرَبِ فِي شَيْءٍ لَا أَدْرِي مَا هُوَ، فَشَتَمُوهُ وَسَبُّوهُ وَضَرَبُوهُ، فَرَجَعَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: أَمَا إِنَّكَ لَوْ أَهْلَ عُمَانٍ أَتَيْتَ مَا سَبُّوكَ وَلَا ضَرَبُوكَ

گالیاں دی اور مسافرہ وہ حضور ﷺ کی طرف واپس آیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اگر تو عمان جاتا تو وہ نہ تجھے گالیاں دیتے اور نہ مارتے۔

7396 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أُمِّ الْأَسْوَدِ، عَنْ مُنْيَةَ، عَنْ حَدِيثِ أَبِي بَرْزَةَ، قَالَ: سَأَلُوا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ رَجُلٍ أَقْلَفَ أَيَحُجُّ بَيْتَ اللّٰهِ؟ قَالَ: لَا، نَهَانِيَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَنْ ذَلِكَ حَتَّى يَخْتَتِنَ

حضرت ابو برزہ الاسلمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے حضور ﷺ سے پوچھا ایک آدمی کے متعلق۔

7397 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا أَسْوَدُ بْنُ عَامِرٍ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ أَبِي بَرْزَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَزُولُ قَدَمَا الْعَبْدِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حَتَّى يُسْأَلَ ' عَنْ عُمُرِهِ فِيمَا أَفْنَاهُ؟ وَعَنْ عَمَلِهِ: مَا عَمِلَ فِيهِ؟ وَعَنْ مَالِهِ: مِنْ أَيْنَ اكْتَسَبَهُ ' وَفِيمَا أَنْفَقَهُ؟ وَعَنْ جَسَدِهِ: فِيمَا أَبْلَاهُ؟

حضرت ابو برزہ الاسلمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن بندہ کے قدم مسلسل متزلزل ہوتے رہیں گے یہاں تک کہ اس کی عمر کے متعلق سوال نہ کیا جائے گا اور اس کے علم کے متعلق اس کے مال سے متعلق کہاں سے کمایا، کہاں خرچ کیا، جسم کے متعلق کہاں اس کو برباد کیا؟

7398 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا مَهْدِيُّ بْنُ مَيْمُونٍ، حَدَّثَنَا أَبُو الْوَازِعِ جَابِرُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي بَرْزَةَ الْأَسْلَمِيِّ، قَالَ: بَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا إِلَى حَيٍّ مِنْ أَحْيَاءِ الْعَرَبِ فِي شَيْءٍ لَا أَدْرِي مَا هُوَ ' فَسَبُّوهُ وَضَرَبُوهُ، فَرَجَعَ إِلَى

حضرت ابو برزہ الاسلمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ایک آدمی کو بھیجا عرب کے ایک قبیلہ کی طرف کسی کام کیلئے جسے میں نہیں جانتا ہوں۔ وہ کیا تھا۔ انہوں نے اس کو گالیاں دی اور مارا' وہ حضور ﷺ کی طرف واپس آیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اگر میرا قاصد

7396- قال فی مجمع الزوائد جلد3صفحه217: رواه أبو يعلى .

7397- أخرجه الدارمی رقم الحديث: 543 . والترمذی رقم الحديث: 2417 .

7398- سبق تخريجه برقم: 7395 .

Marfat.com

النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَشَكَا ذٰلِكَ إِلَيْهِ، فَقَالَ: لَكِنَّ أَهْلَ عُمَانٍ لَوْ أَتَاهُمْ رَسُولِي مَا سَبُّوهُ وَلَا ضَرَبُوهُ

عمان جاتا تو وہ نہ اسے گالیاں دیتے اور نہ مارتے۔

7399 - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، وَمُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْأَحْوَصِ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو هِلَالٍ، عَنْ أَبِي بَرْزَةَ، قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ، فَسَمِعَ رَجُلَيْنِ يَتَغَنَّيَانِ وَأَحَدُهُمَا يَقُولُ لِصَاحِبِهِ:

(البحر الطويل)

يَزَالُ حَوَارٍ مَا تَزُولُ عِظَامُهُ . . . زَوَى الْحَرْبُ عَنْهُ أَنْ يُجَنَّ فَيُقْبَرَا

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ هَذَا؟ قَالَ: فَقِيلَ لَهُ فُلَانٌ وَفُلَانٌ، قَالَ: فَقَالَ: اللّٰهُمَّ أَرْكِسْهُمَا فِي الْفِتْنَةِ رَكْسًا، وَدُعَّهُمَا فِي النَّارِ دَعًّا

حضرت ابو برزہ الاسلمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ تھے ایک سفر میں دو آدمیوں کو سنا وہ گا رہے تھے اور ان میں سے ایک اپنے ساتھی سے کہہ رہا تھا:

''میرے حواری ہمیشہ رہیں جب تک اس کی ہڈیاں ختم نہ ہو جائیں' جنگ ان پر چھا جانے سے ٹل جائے کہ وہ قبروں میں جائیں''۔

حضور ﷺ نے فرمایا: یہ کون ہے؟ عرض کی گئی: فلاں فلاں ہے۔ آپ ﷺ نے یہ دعا پڑھی: اے اللہ! ان کو فتنہ میں مبتلا فرما اور ان دونوں کو دوزخ کی آگ میں دھکیل دے۔

7400 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْأَحْوَصِ، قَالَ: حَدَّثَنِي رَبُّ هَذِهِ الدَّارِ أَبُو هِلَالٍ أَنَّهُ، سَمِعَ أَبَا بَرْزَةَ الْأَسْلَمِيَّ، يُحَدِّثُ أَنَّهُمْ كَانُوا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَسَمِعُوا غِنَاءً فَتَشَوَّفُوا لَهُ، فَقَامَ رَجُلٌ فَاسْتَمَعَ، وَذٰلِكَ قَبْلَ أَنْ تُحَرَّمَ الْخَمْرُ، فَأَتَاهُمْ ، ثُمَّ

حضرت ابو برزہ الاسلمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ حضور ﷺ کے ساتھ تھے۔ انہوں نے گانے کی آواز سنی، ان کو اس کا شوق ہوا، ایک آدمی کھڑا ہوا، انہوں نے اس سے سنا، یہ شراب حرام ہونے سے پہلے کی بات ہے۔ وہ ان کے پاس آیا، پھر واپس چلا گیا۔ کہا یہ فلاں فلاں ہیں۔ وہ دونوں گانا گا رہے تھے۔ ایک ان میں سے دوسرے کو جواب دے رہا تھا اور وہ کہہ رہا ہے' پس

7399- أخرجه أحمد جلد**4**صفحه**421** قال: حدثنا عبد الله بن محمد .

7400- سبق تخريجه برقم: **7399** السابقة له .

Marfat.com

رَجَعَ، فَقَالَ: هَذَا فُلَانٌ وَفُلَانٌ، وَهُمَا يَتَغَنَّيَانِ يُجِيبُ أَحَدُهُمَا الْآخَرَ، وَهُوَ يَقُولُ، فَذَكَرَ نَحْوَهُ

اس جیسی حدیث بیان کی۔

7401 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ - يَعْنِي: ابْنَ إِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيَّ، حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ أَبِي بَرْزَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: غِفَارٌ غَفَرَ اللَّهُ لَهَا، وَأَسْلَمُ سَالَمَهَا اللَّهُ، مَا أَنَا قُلْتُهُ ، وَلَكِنَّ اللَّهَ قَالَهُ

حضرت ابو برزہ الاسلمی رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: قبیلہ بنوغفار کو اللہ نے بخش دیا، قبیلہ بنواسلم کو اللہ نے سلامت رکھا، یہ میں نہیں کہتا ہوں لیکن اللہ یہ کہتا ہے۔

7402 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَتْنَا أُمُّ الْأَسْوَدِ بِنْتُ يَزِيدَ، مَوْلَى أَبِي بَرْزَةَ الْأَسْلَمِيِّ، قَالَتْ: حَدَّثَتْنِي مُنْيَةُ بِنْتُ عُبَيْدِ بْنِ أَبِي بَرْزَةَ، عَنْ جَدِّهَا أَبِي بَرْزَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ عَزَّى الثَّكْلَى كُسِيَ بُرْدًا مِنَ الْجَنَّةِ

حضرت ابو برزہ الاسلمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے مصیبت زدہ کو حوصلہ دیا اس کو جنت میں چادر پہنائی جائے گی۔

7403 - حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ الْمُنْذِرِ، عَنْ نَافِعِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ أَبِي بَرْزَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَبْعَثُ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ قَوْمًا مِنْ قُبُورِهِمْ تَأَجَّجُ أَفْوَاهُهُمْ نَارًا فَقِيلَ: مَنْ هُمْ يَا رَسُولَ اللَّهِ، فَقَالَ: أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ يَقُولُ: (إِنَّ الَّذِينَ يَأْكُلُونَ أَمْوَالَ الْيَتَامَى ظُلْمًا إِنَّمَا يَأْكُلُونَ فِي بُطُونِهِمْ نَارًا) (النساء :10) ؟

حضرت ابو برزہ الاسلمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل قیامت کے دن ایک قوم کو قبروں سے اٹھائے گا ان کے منہ میں آگ بھری ہوئی ہوگی۔ عرض کی گئی، یا رسول اللہ ﷺ وہ کون لوگ ہوں گے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تم نے دیکھا نہیں ہے؟ اللہ نے فرمایا: وہ لوگ جو یتیموں کا مال کھاتے ہیں ظلماً، وہ اپنے پیٹوں میں آگ بھرتے ہیں۔

7401- اخرجه احمد جلد4صفحه420 قال: حدثنا عبد الرحمٰن بن مهدى .

7402- اخرجه الترمذى رقم الحديث:1076 قال: حدثنا محمد بن حاتم المؤدب .

7403- قال فى مجمع الزوائد جلد7صفحه2: رواه أبو يعلى والطبرانى .

Marfat.com

7404 - وَعَنْ نَافِعِ بْنِ الْحَارِثِ، حَدَّثَنَا أَبُو بَرْزَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: أَلَا إِنَّ الْكَذِبَ يُسَوِّدُ الْوَجْهَ، وَالنَّمِيمَةَ عَذَابُ الْقَبْرِ

حضرت ابو برزہ الاسلمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جھوٹے کا چہرہ کالا ہوتا ہے اور چغل خور کا انجام قبر کا عذاب ہوگا۔

7405 - وَعَنْ نَافِعٍ، عَنْ أَبِي بَرْزَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: إِنَّ بَعْدِي أَئِمَّةً ، إِنْ أَطَعْتُمُوهُمْ أَكْفَرُوكُمْ، وَإِنْ عَصَيْتُمُوهُمْ قَتَلُوكُمْ ، أَئِمَّةُ الْكُفْرِ ، وَرُءُوسُ الضَّلَالَةِ

حضرت ابو برزہ الاسلمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ سے سنا میرے بعد ائمہ آئیں گے اگر تم نے ان کی اطاعت کی، تو وہ تمہیں کافر بنا دیں گے' اگر تم نے ان کی نافرمانی کی تو وہ تمہیں قتل کر دیں گے' وہ کفر کے امام اور گمراہی کے سردار ہوں گے۔

7406 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ حَمَّادٍ الْكُوفِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْأَحْوَصِ الْأَزْدِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو هِلَالٍ، صَاحِبُ هَذِهِ الدَّارِ عَنْ أَبِي بَرْزَةَ الْأَسْلَمِيِّ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَفَعَ يَدَيْهِ فِي الدُّعَاءِ حَتَّى رُئِيَ بَيَاضُ إِبْطَيْهِ

حضرت ابو برزہ الاسلمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ دعا کے لیے ہاتھ اٹھائے یہاں تک کہ آپ ﷺ کی بغلوں کی سفیدی دیکھی گئی۔

حَدِيثُ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ السُّوَائِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ کی احادیث

7407 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے

7404- قال فی مجمع الزوائد جلد**8**صفحه**91**: رواه أبو يعلى والطبرانی .

7405- قال فی مجمع الزوائد جلد**5**صفحه**238**: رواه أبو يعلى والطبرانی .

7406- قال فی مجمع الزوائد جلد**1**صفحه**186**: رواه أبو يعلى .

7407- أخرجه أحمد جلد**5**صفحه**88,86** قال: حدثنا عمر بن سعد أبو داؤد الحفری .

Marfat.com

حِسَابٍ، حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ قَائِمًا، ثُمَّ يَقْعُدُ، فَلا يَتَكَلَّمُ، ثُمَّ يَقُومُ فَيَخْطُبُ خُطْبَةً أُخْرَى عَلَى مِنْبَرِهِ ' فَمَنْ حَدَّثَكَ أَنَّهُ رَآهُ يَخْطُبُ قَاعِدًا فَلا تُصَدِّقْهُ

رسول اللہ ﷺ کو دیکھا، آپ ﷺ کھڑے ہو کر خطبہ دے رہے تھے، پھر بیٹھے اور گفتگو نہیں کی، پھر کھڑے ہوئے، اس کے بعد پھر کھڑے ہوئے دوسرا خطبہ ارشاد فرمایا اپنے منبر پر۔ جو تجھے بیان کرے کہ اس نے آپ ﷺ کو بیٹھ کر خطبہ دیتے ہوئے دیکھا اس کی تصدیق نہ کرو۔

7408 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ حِسَابٍ، حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: إِنَّ بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ كَذَّابِينَ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قیامت سے پہلے جھوٹے ہوں۔

7409 - حَدَّثَنَا أَبُو هَمَّامٍ الْوَلِيدُ بْنُ شُجَاعٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ خَيْثَمَةَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنِّي فَرَطٌ لَكُمْ عَلَى الْحَوْضِ، وَإِنَّ بُعْدَ مَا بَيْنَ طَرَفَيْهِ كَمَا بَيْنَ صَنْعَاءَ وَأَيْلَةَ كَأَنَّ الْأَبَارِيقَ فِيهِ النُّجُومُ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں تمہارا حوض کوثر پر انتظار کروں گا اس کے دونوں طرفوں کے درمیان فاصلہ صنعاء اور ایلہ جتنا ہے۔ اس کے پیالہ اس میں گویا ستارے ہوں گے۔

7410 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ حِسَابٍ، حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: لَتُفْتَحَنَّ عِصَابَةٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ أَوْ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ كَنْزَ آلِ كِسْرَى الَّذِي فِي الْبِيضِ قَالَ: وَسَمِعْتُهُ يَقُولُ: إِنَّ اللّٰهَ سَمَّى

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں' میں نے سنا کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ضرور بضرور مسلمانوں یا مؤمنوں کا ایک گروہ آلِ کسریٰ کے خزانوں کو فتح کرے گا جو سفید (سونے) میں ہیں۔ اور میں نے فرماتے ہوئے بے شک اللہ نے میرے شہر کا نام طیبہ رکھا ہے۔

7408- أخرجه أحمد جلد**5**صفحه**87,86** قال: حدثنا عبد الرزاق .

7409- أخرجه مسلم جلد**7**صفحه**71** قال: حدثني الوليد بن شجاع بن الوليد السكوني .

7410- أخرجه أحمد جلد**5**صفحه**89** قال: حدثنا عفان .

Marfat.com

الْمَدِينَةَ طَابَةَ

7411 - وَبِإِسْنَادِهِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: مَاتَ بَغْلٌ عِنْدَ رَجُلٍ ، فَأَتَى رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَفْتِيهِ، قَالَ: فَزَعَمَ جَابِرٌ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ لِصَاحِبِهَا: مَا لَكَ مَا يُغْنِيكَ عَنْهَا؟ قَالَ: لَا، قَالَ: اذْهَبْ فَكُلْهَا

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی کے پاس خچر مرگئی تھی۔ وہ حضور ﷺ کی بارگاہ میں فتویٰ لینے کے لیے آیا۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اس کے مالک کو کہ تجھے کیا ہے' کون سی چیز تجھے اس سے بے پرواہ کرتی ہے؟ اس نے کہا: کوئی شی نہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تو جا اس کو کھا۔

7412 - وَعَنْ جَابِرٍ، قَالَ: رَأَيْتُ مَاعِزَ بْنَ مَالِكٍ حِينَ جِيءَ بِهِ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَاسِرًا ، مَا عَلَيْهِ رِدَاءٌ ، فَتَشَهَّدَ عَلَى نَفْسِهِ أَرْبَعَ مَرَّاتٍ أَنَّهُ قَدْ زَنَى، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَلَعَلَّكَ؟ قَالَ: لَا وَاللَّهِ ، إِنَّهُ قَدْ زَنَى الْآخِرُ، قَالَ: فَرَجَمَهُ ، ثُمَّ خَطَبَ فَقَالَ: أَلَا كُلَّمَا نَفَرُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ خَلَفَ أَحَدُهُمْ لَهُ نَبِيبٌ كَنَبِيبِ التَّيْسِ، يَمْنَحُ إِحْدَاهُنَّ الْكُثْبَةَ، أَمَا إِنْ أَمْكَنَنِي اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ مِنْ أَحَدٍ مِنْهُمْ لَأُنَكِّلَنَّهُ عَنْهُنَّ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے ماعز بن مالک کو دیکھا جس وقت وہ رسول اللہ ﷺ کے پاس لایا گیا' اس حال میں کہ ان کے بدن پر کپڑا نہ تھا' اس پر کوئی چادر نہ تھی' پس اس نے اپنے خلاف چار گواہیاں دیں کہ اس نے زنا کیا ہے' پس رسول کریم ﷺ نے فرمایا: ممکن ہے تُو نے کیا ہو؟ اس نے کہا: نہیں! قسم بخدا! بے شک اس نے زنا کیا ہے۔ راوی کا بیان ہے: پس آپ ﷺ نے اسے رجم فرما کر پھر خطبہ ارشاد فرمایا: خبردار! جب بھی اللہ کی راہ میں نکلتے ہیں ان میں سے ایک آدمی پیچھے رہ جاتا ہے' اس کی آواز نر بکرے کی طرح ہوتی ہے' عورتوں میں سے کوئی ایک اسے تھوڑا کچھ دے دیتی ہے' لیکن اگر اللہ تعالیٰ نے مجھے ایسے کسی آدمی پر طاقت عطا فرمائی تو میں اس کو عورتوں کے حوالے سے عبرت بنا دوں گا۔

7413 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

7412- اخرجه احمد جلد5صفحه87,86 قال: حدثنا عبد الرزاق . والدارمی رقم الحديث: 2321 .

7413- اخرجه احمد جلد5صفحه89 قال: حدثنا حسين بن محمد .

Marfat.com

حِسَابٍ، حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي نَحْوَ صَلَاتِكُمْ ، وَيُؤَخِّرُ الْعَتَمَةَ بَعْدَ صَلَاتِكُمْ شَيْئًا، وَكَانَ يُخِفُّ الصَّلَاةَ

حضور ﷺ نماز پڑھتے تمہاری نماز کی طرح۔عشاء کی نماز تمہاری نماز سے تھوڑی دیر سے پڑھتے تھے۔ آپ ﷺ نماز مختصر پڑھتے تھے۔

7414 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: مَاتَتْ نَاقَةٌ لِأُنَاسٍ مِنْ بَنِي سُلَيْمٍ أَوْ غَيْرِهِمْ مِنَ الْحَيِّ، وَكَانُوا أَهْلَ بَيْتٍ مُحْتَاجِينَ، فَسَأَلُوا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ أَكْلِهَا فَرَخَّصَ لَهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي أَكْلِهَا فَكَفَتْهُمْ شِتْوَتَهُمْ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ بنی سلیم یا اس کے علاوہ کسی اور قبیلہ کی اونٹنی مرگئی۔ وہ گھر کے مالک محتاج بھی تھے۔انہوں نے حضور ﷺ سے اس کے کھانے کے متعلق پوچھا، آپ ﷺ نے ان کو کھانے کی رخصت دی' پس وہ ان کو ساری سردیوں کو موسم کافی ہو رہا۔

7415 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: جَالَسْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَكْثَرَ مِنْ مِائَةِ مَرَّةٍ، وَكَانَ أَصْحَابُهُ يَتَنَاشَدُونَ الشِّعْرَ ، وَيَتَذَاكَرُونَ شَيْئًا مِنْ أَمْرِ الْجَاهِلِيَّةِ، فَرُبَّمَا تَبَسَّمَ مَعَهُمْ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: سو سے زیادہ مرتبہ مجھے نبی کریم ﷺ کی صحبت میں بیٹھنے کا شرف نصیب ہوا' کبھی کبھی یوں بھی ہوتا کہ آپ ﷺ کے صحابہ شعر کہتے اور جاہلیت کی چیزوں میں سے کسی چیز کا تذکرہ کرتے تو آپ ﷺ ان کے ساتھ تبسم کناں ہوتے۔

7416 - وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: كَانَ بِلَالٌ يُؤَذِّنُ الظُّهْرَ إِذَا دَحَضَتِ الشَّمْسُ، وَكَانَ رُبَّمَا أَخَّرَ الْإِقَامَةَ ، وَلَا يُؤَخِّرُ الْأَذَانَ عَنِ الْوَقْتِ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ ظہر کی اذان اس وقت دیتے جب سورج مغرب کی طرف جھک جاتا' کبھی وہ اقامت دیر سے کہتے لیکن اذان وقت سے مؤخر کبھی نہ کرتے تھے۔

7417 - وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجَمَ يَهُودِيًّا وَيَهُودِيَّةً

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ایک یہودی اور ایک یہودیہ کو رجم فرمایا۔

7416- اخرجه أحمد جلد5صفحه104,87,76 قال: حدثنا عبد الرزاق .

7417- اخرجه أحمد جلد5صفحه94,91 قال: حدثنا أسود بن عامر .

Marfat.com

7418- وَعَنْ جَابِرٍ، قَالَ: جَالَسْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَكْثَرَ مِنْ مِائَةِ مَرَّةٍ ، فَمَا كَانَ يَخْطُبُ إِلَّا قَائِمًا ، وَكَانَ يَقْعُدُ قَعْدَةً

